# سورة الرحمن

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

١ الرَّحْمَٰنُ

وہ اللہ جو بڑا مہربان ہے

٢ عَلَّمَ الْقُرْآنَ

اسی نے قرآن سکھایا

٣ خَلَقَ الْإِنْسَانَ

اسی نے انسان کو پیدا کیا

٤ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ

اسی نے اسے بولنا سکھایا

٥ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ

سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں

---

٦ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ

اور بیلیں اور درخت سب سجدہ کر رہے ہیں

---

٧ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ

اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی

---

٨ أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ

تاکہ تم تولنے میں حد سے تجاوز نہ کرو

---

٩ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ

اور ٹھیک انصاف کے ساتھ تولو اور تول میں کمی نہ کرو

---

١٠ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ

اور اسی نے خلقت کے لیے زمین بچھائی

١١ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ

جس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے پھلوں پر غلاف ہوتے ہیں

١٢ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ

اور بھس والا اناج اور خوشبودار پھول ہیں

١٣ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس (اے گروہ جن و انس) تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

١٤ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ

اس نے انسان کو ٹھیکری کی طرح بجتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا

١٥ وَخَلَقَ الْجَانَّ مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ

اور جن کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا

١٦ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

١٧ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ

وہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا رب ہے

---

١٨ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

١٩ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ

اس نے دو دریا رواں کیے جو آپس میں ملتے ہیں

---

٢٠ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَا يَبْغِيَانِ

ان دونوں میں ایک آڑ ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے

---

٢١ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٢٢ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ

ان دونوں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں

---

٢٣ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٢٤ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَآتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ

اور سمندر میں پہاڑوں کی طرح اونچے کھڑے ہوئے جہاز اسی کے ہیں

---

٢٥ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٢٦ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ

جو کچھ زمین پر ہے سب فنا ہونے والا ہے

---

٢٧ وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

اور تمہارے رب ہی کی ذات باقی رہے گی جو بڑی عظمت اور بڑے کرم والی ہے

---

٢٨ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٢٩ يَسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ

آسمان اور زمین میں جتنے ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں، وہ ہر روز ایک نئی شان میں ہے

---

٣٠ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٣١ سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَ الثَّقَلَانِ

اے دونوں گروہو ! عنقریب ہم تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں

---

٣٢ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٣٣ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا ۚ لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ

اے گروہ جن و انس ! اگر تم میں اتنی طاقت ہے کہ آسمان اور زمین کی حدوں سے نکل سکو تو نکل جاؤ، تم بغیر زور کے نہیں نکل سکتے

٣٤ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٣٥ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِنْ نَارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ

تم دونوں پر آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائے گا، پھر تم مقابلہ نہ کر سکو گے

٣٦ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٣٧ فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ

پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو وہ تیل کی تلچھٹ کی طرح سرخ ہو جائے گا

---

٣٨ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٣٩ فَيَوْمَئِذٍ لَا يُسْأَلُ عَنْ ذَنْبِهِ إِنْسٌ وَلَا جَانٌّ

پھر اس دن نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہ کے بارے میں پوچھا جائے گا اور نہ کسی جن سے

---

٤٠ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٤١ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ

گنہگار اپنے چہروں سے پہچانے جائیں گے، پھر وہ پیشانی کے بالوں اور قدموں سے پکڑ لیے جائیں گے

---

٤٢ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٤٣ هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ

یہی وہ جہنم ہے جسے گنہگار جھٹلاتے تھے

٤٤ يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ

وہ اس کے اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان چکر کھائیں گے

٤٥ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٤٦ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ

اور اس شخص کے لیے جو اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا دو باغ ہیں

٤٧ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٤٨ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ

وہ دونوں باغ بہت سی شاخوں والے ہیں

---

٤٩ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٥٠ فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ

ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہیں

---

٥١ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٥٢ فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ

ان میں ہر میوہ کی دو دو قسمیں ہیں

---

٥٣ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٥٤ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ۚ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ

وہ ایسے بستروں پر تکیے لگائے ہوں گے جن کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے، اور دونوں باغوں کے پھل جھکے ہوئے ہوں گے

٥٥ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٥٦ فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ

ان (باغوں) میں نیچی نگاہ والی حوریں ہوں گی جنہیں ان سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہو گا اور نہ کسی جن نے

٥٧ fبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٥٨ كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ

گویا کہ وہ یاقوت اور مونگے ہیں

٥٩ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٦٠ هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ

نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے؟

٦١ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٦٢ وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ

اور ان دونوں باغوں کے علاوہ دو باغ اور بھی ہیں

٦٣ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٦٤ مُدْهَامَّتَانِ

وہ دونوں بہت گہرے سبز رنگ کے ہیں

---

٦٥ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٦٦ فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ

ان دونوں میں دو چشمے فوارے کی طرح ابل رہے ہیں

---

٦٧ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٦٨ فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ

ان دونوں میں میوے اور کھجور اور انار ہیں

---

٦٩ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٧٠ فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ

ان میں نیک سیرت اور خوبصورت عورتیں ہیں

٧١ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٧٢ حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ

وہ خیموں میں رہنے والی حوریں ہیں

٧٣ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

٧٤ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ

ان سے پہلے انہیں کسی انسان یا جن نے نہیں چھوا

٧٥ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٧٦ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ

وہ سبز قالینوں اور عمدہ نفیس مسندوں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے

---

٧٧ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

پس تم اپنے رب کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

---

٧٨ تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

تمہارے رب کا نام بڑا بابرکت ہے جو بڑی عظمت اور بڑے کرم والی ہے

---